**Series E1GFH/C** **Set No. 3**

کوڈ Q.P.
Q.P. Code **255/C/3**

رول نمبر / *Roll No.*

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

*Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.*

# جغرافیہ (تھیوری)

# GEOGRAPHY (Theory) (Urdu Version)

وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر : ۷۰

Maximum Marks : 70 — Time allowed : 3 hours

| | NOTE |
|---|---|
| (I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد 15 + 2 نقشہ ہے۔ | (I) *Please check that this question paper contains **15** printed pages + **2** Maps.* |
| (II) سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔ | (II) *Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.* |
| (III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد 30 ہے۔ | (III) *Please check that this question paper contains **30** questions.* |
| (IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔** | (IV) *Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.* |
| (V) سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔ | (V) *15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.* |

## عمومی ہدایات :

**مندرجہ ذیل ہدایات کو بہت غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :**

(i) اس سوال نامہ میں کل **30** سوالات ہیں۔ **سبھی** سوالات لازمی ہیں۔

(ii) یہ سوال نامہ پانچ حصّوں **A , B , C , D** اور **E** میں منقسم ہے۔

(iii) حصّہ **A** – سوال نمبر ***1*** تا ***17*** کثیر اختیاراتی سوال ہیں۔

(iv) حصّہ **B** – سوال نمبر ***18*** اور ***19*** ماخذ پر مبنی سوال ہیں۔

(v) حصّہ **C** – سوال نمبر ***20*** تا ***23*** مختصر جواب والے سوال ہیں۔ ہر سوال کا جواب ***80*** سے ***100*** لفظوں میں لکھا جانا چاہیے۔

(vi) حصّہ **D** – سوال نمبر **24** تا **28** لمبے جواب والے سوال ہیں۔ ہر سوال کا جواب 120 تا 150 لفظوں میں ہونا چاہیے۔

(vii) حصّہ **E** – سوال نمبر **29** اور **30**، نقشے پر مبنی سوال ہیں۔

## حصّہ-A

اس حصہ میں 17 کثیر اختیاراتی سوالات 1 تا 17 ہیں۔ تمام سوالات کرنے **لازمی** ہیں۔ 17×1=17

**1.** کون سی بندرگاہ صنعتی اشیاء (سامان) کو لانے لے جانے کا کام کرتی ہے؟

(a) جامع بندرگاہ (Comprehensive port)

(b) اندرونی بندرگاہ (Inland port)

(c) تیل بندرگاہ (Oil port)

(d) باہری بندرگاہ (Outport)

**2.** درج ذیل بیانات کا مطالعہ کیجیے اور سب سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

دعویٰ : کبھی کبھی بستی ٹکڑوں میں منقسم ہو جاتی ہے اور ایک دوسرے سے طبعی طور پر الگ کئی اکائیوں میں بٹ جاتی ہے۔ مگر ان سب کا نام ایک رہتا ہے۔

وجہ : کسی بڑے گاؤں کا ایسا پھیلاؤ عموماً سماجی اور نسلی عوامل کا نتیجہ ہوتا ہے۔

متبادل :

(a) صرف دعویٰ صحیح ہے۔

(b) صرف وجہ صحیح ہے۔

(c) دونوں بیانات صحیح ہیں۔ وجہ، صحیح وضاحت کرتا ہے دعویٰ کی۔

(d) دونوں بیانات صحیح ہیں۔ مگر دونوں کا آپس میں کوئی تعلق **نہیں** ہے۔

**.3** درج ذیل بیانات کو پڑھیے اور سب سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

دعویٰ : نباتاتی کھاد والی زرخیز مٹی والے علاقے میں زیادہ لوگ رہتے ہیں۔

وجہ : یہ مٹیاں intensive agriculture کی بنیاد ہیں۔

متبادل :

(a) صرف دعویٰ صحیح ہے

(b) صرف وجہ صحیح ہے

(c) دونوں بیانات صحیح ہیں۔ وجہ، صحیح وضاحت کرتا ہے دعویٰ کی

(d) دونوں بیانات صحیح ہیں۔ مگر دونوں کا ایک دوسرے سے تعلق **نہیں** ہے۔

**.4** درج ذیل بیانات پر غور کیجیے اور سب سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

بیان I : بین الاقوامی تجارت ممالک کے درمیان قومی سرحد پار کر کے اشیا اور خدمات کا مبادلہ ہے۔

بیان II : ممالک کو تجارت کرنے کی ضرورت ان اشیا کو حاصل کرنے کے لیے ہوتی ہے جو وہ خود پیدا نہیں کرتے ہیں۔

متبادل :

(a) صرف بیان *I* صحیح ہے۔

(b) صرف بیان *II* صحیح ہے۔

(c) دونوں بیان *I* اور بیان *II* غلط ہیں۔

(d) دونوں بیانات صحیح ہیں۔ اور بیان *II*، بیان *I* کی صحیح وجہ پیش کرتا ہے۔

**.5** کاکراپارا نیوکلیائی پاور پروجیکٹ (Kakrapara nuclear power project) درج ذیل میں سے کس ریاست میں قائم ہے؟

(a) مہاراشٹر (b) گجرات

(c) کرناٹک (d) تمل ناڈو

**6.** ہندوستان کے، کانکنی شہر (mining towns) کے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

(a) اجین، ہری دوار، وارانسی

(b) رانی گنج، جھریا، سنگرولی

(c) پریاگ راج (الٰہ آباد)، امبالہ، امرتسر

(d) میرٹھ، بینا، کانپور

**7.** درج ذیل میں سے ہندوستان کی دیہی بستیوں کی کون سی ایک خصوصیت ہے؟

(a) لوگوں میں نقل مکانی کم ہوتی ہے۔ (b) زندگی کافی الجھی ہوئی ہوتی ہے۔

(c) سماجی رشتے رسمی ہوتے ہیں۔ (d) عام طور پر سائز میں بڑی ہوتی ہیں۔

**8.** ہندوستان میں اہم تانبے کے ذخائر کو مشرق سے مغرب تک کی صحیح ترتیب کو پہچانیے۔

(a) سنگھ بھوم، بالا گھاٹ، جھنجھنوں، الور

(b) الور، جھنجھنوں، بالا گھاٹ، سنگھ بھوم

(c) سنگھ بھوم، بالا گھاٹ، الور، جھنجھنوں

(d) بالا گھاٹ، الور، سنگھ بھوم، جھنجھنوں

**9.** درج ذیل میں سے کون سی جواہر لعل نہرو بندرگاہ کی اہم خصوصیت ہے؟

(a) ہندوستان کی سب سے بڑا کنٹینر بندرگاہ ہے۔

(b) کونکن ریلوے نے اس کے پس پشت زمین (hinterland) کو وسیع کیا ہے۔

(c) خام لوہے کی برآمدات کرتی ہے۔

(d) کرناٹک اس بندرگاہ کا پس پشت زمین (hinterland) ہے۔

**.10** درج ذیل میں سے کون سا صحیح جوڑا ہے؟

ریاست کا نام  خام لوہا کانیں (مرکز)

(a) اوڈیشہ – بیلاڈیلا (Bailadila)

(b) چھتیس گڑھ – بادام پہاڑ (Badampahar)

(c) کرناٹک – بیلاری (Bellary)

(d) مہاراشٹر – میور بھنج (Mayurbhanj)

**.11** ممبئی بندرگاہ کی درج ذیل میں سے کون سی ایک خصوصیت ہے؟

(a) یہ جواری ندی کے دہانے پر قائم ہے۔

(b) یہ ایک خشکی سے گھری ہوئی (land-locked) بندرگاہ ہے۔

(c) یہ ایک مصنوعی بندرگاہ ہے۔

(d) یہ ایک قدرتی بندرگاہ ہے۔

**.12** درج ذیل میں سے کون سی آبادیاتی عبور کی خصوصیت ہے؟

(a) یہ کسی علاقے کی آبادی کی پیش گوئی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(b) کسی ملک کی مستقبل کی آبادی کو کم کرنے کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(c) کسی علاقے کی زائید گی (fertility) کو ہم آہنگ کرنے کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(d) اس کا استعمال آبادی کی درجہ بندی کے لیے کیا جاتا ہے۔

**13.** درج ذیل میں سے کون سی بین الاقوامی تجارت کی بنیاد **نہیں** ہے؟

(a) قومی وسائل میں فرق

(b) آبادی

(c) معاشی ترقی کی منزل

(d) ملک کی آب و ہوا

**14.** درج ذیل میں سے کون سا سبب ہجرت کے لیے فشاری عامل (Push factors) ہے؟

(a) بہتر روزگار

(b) بہتر رہن سہن کے طریقے

(c) امن اور پائیداری

(d) قدرتی آفات

دیے گئے ماخذ کو پڑھیے اور سوال نمبر 15 سے 17 تک کے جواب لکھیے:

دیگر سڑکوں میں سرحد کی سڑکیں اور بین الاقوامی سڑکیں شامل ہیں۔ ملک کے شمالی اور شمال مشرق سرحدی علاقوں میں معاشی ترقی لانے اور دفاعی نظام کو مضبوط کرنے کے مقصد سے مئی 1960 میں بارڈر روڈ آرگنائزیشن (BRO) وجود میں آیا۔ یہ ایک کثیر المقاصد تعمیراتی ایجنسی ہے۔ اس تنظیم نے ملک کے پہاڑی اور ناہموار علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر کی ہے۔ پہاڑی علاقوں کی چنڈی گڑھ کو منالی (ہماچل پردیش) اور لیہہ (لداخ) کو جوڑنے والی سڑک کی تعمیر کی گئی۔ یہ سڑک سطح سمندر سے تقریباً 4,270 میٹر کی اونچائی پر بنائی گئی ہے۔

دفاعی اہمیت کے حامل اور حساس علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر اور مرمت کے علاوہ BRO زیادہ اونچائی والے علاقوں میں برف کی صفائی کے کام کو بھی انجام دیتا ہے۔ بین الاقوامی شاہراہوں کا مقصد پڑوسی ممالک کے درمیان ہندوستان کے ساتھ باہمی تعلق کے حصول و یک جہتی کو بڑھاوا دینا ہے۔

**15.** درج ذیل میں سے کون سا بارڈر روڈ آرگنائزیشن کا ایک اہم مقصد ہے؟

(a) بارڈر کے شہروں کو قریبی میٹروپولیٹن شہروں سے جوڑنا ۔

(b) پہاڑی علاقوں کی تعلیمی ترقیوں میں مدد کرنا۔

(c) دفاعی نظام کو مضبوط کرنا۔

(d) سرحدی علاقوں کی ترقی کے لیے منصوبہ بنانا۔

**16.** ہندوستان میں شمال مشرق سرحدی سڑکوں کی تعمیر کرنا بہت مشکل کیوں ہے؟ صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

I. ریلیف فیچر II. آب وہوا

III. بنیادی ڈھانچہ کی کمی IV. دولت کی کمی

متبادل :

(a) صرف I , II اور III صحیح ہیں۔

(b) صرف II , III اور IV صحیح ہیں۔

(c) صرف I , III اور IV صحیح ہیں۔

(d) صرف I , II اور IV صحیح ہیں۔

**17.** بارڈر روڈ آرگنائزیشن (Border Road Organisation) درج ذیل میں سے کس کے ماتحت کام کرتا ہے۔

(a) مرکزی حکومت

(b) سرحدی اسٹیٹ گورنمنٹ

(c) لوکل سیلف گورنمنٹ

(d) غیر حکومتی تنظیم

## حصّہ-B

سوال نمبر 18 اور 19 ماخذ پر مبنی سوالات ہیں۔

**18.** درج ذیل پیرا گراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ $3\times1=3$

بیش قیمتی آبی وسائل کے تحفظ کے لیے بارش کے پانی کو اکٹھا کرنے کی تکنیک کا استعمال کرنے کی کافی گنجائش ہے۔اسے گھر کی چھتوں اور کھلی جگہوں پر آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ بارش کا پانی اکٹھا کرنے سے گھریلو استعمال کے لیے زیر زمین پانی پر دباؤ کم ہوگا۔اس کے علاوہ زیر زمین پانی کے دوبارہ استعمال کے لائق ہونے کی وجہ سے اس کی سطح میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور پانی نکالنے کے لیے بجلی کا خرچ بھی کم ہوگا۔ آج کل ملک کی کئی ریاستوں میں بارش کے پانی کو اکٹھا کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر مہم چلائی جارہی ہے۔ بارش کے پانی کو اکٹھا کرنے کی تکنیک سے شہری علاقوں کو خاص طور پر فائدہ ہورہا ہے کیونکہ زیادہ تر شہروں میں پانی کی مانگ کافی بڑھ چکی ہے۔


درج بالا عوامل کے علاوہ خاص کر ساحلی علاقوں میں سمندری پانی خشک اور نیم خشک علاقوں میں کھارے پانی کی پریشانی، ندیوں کو آپس میں جوڑ کر زیادہ پانی والے علاقوں سے کم پانی والے علاقوں میں پانی کی منتقلی سے بھی ہندوستان میں پانی کے مسئلے کو سلجھانے کے اہم طریقے ہیں۔

(18.1) بارش کا پانی جمع کس طرح کیا جاسکتا ہے؟ 1

(18.2) زیر زمین پانی نکالنے میں بارش کا پانی جمع کرنا کس طرح توانائی (بجلی) کی بچت کر سکتا ہے؟ 1

(18.3) ہندوستان میں ندیوں کو جوڑنے سے کوئی ایک مثبت نتیجہ بیان کیجیے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

**19.** دیے گئے نقشے کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ $3\times1=3$




(19.1) نقشے میں دی گئی ریلوے لائین کا نام لکھیے۔ 1

(19.2) A اور B سے مارک کیے گئے اسٹیشنوں کے نام لکھیے۔ 1

(19.3) اس ریلوے لائین کی کوئی ایک معاشی اہمیت بیان کیجیے۔ 1

**نوٹ** : درج ذیل سوالات صرف **نابینا امیدواروں** کے لیے سوال نمبر 19 کے بدلے۔

(19.1) براعظم جنوبی امریکہ کے سب سے لمبے ریلوے لائین کا نام لکھیے۔ 1

(19.2) ٹرانس۔سائیبیرین ریلوے لائین کے ٹرمینل اسٹیشنوں کے نام لکھیے۔ 1

(19.3) ٹرانس۔سائیبیرین ریلوے لائین کی کوئی ایک معاشی اہمیت بیان کیجیے۔ 1

## حصّہ-C

سوال نمبر 20 تا 23 مختصر جواب والے سوالات ہیں۔

**.20** (a) "1901 سے 1921 کے عرصے کو ہندوستان کی آبادی کے جمود کے طور پر جانا جاتا ہے۔"
اس قول کی مثالوں کے ساتھ تائید کیجیے۔ 3

**یا**

(b) "1921 سے 1951 کی دہائیوں کو ہندوستان مستقل افزائش آبادی کے طور پر جانا جاتا ہے۔"
اس قول کی مثالوں کے ساتھ تائید کیجیے۔ 3

**.21** "دنیا میں صنعتی پٹیاں (Industrial belts) بڑی تعداد میں لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں" اس قول کی جانچ کیجیے۔ 3

**.22** (a) " انسانی ترقی کے ستون کی شکل میں 'مساوات' (Equity) کے تصور کو بیان کیجیے۔ 3

**یا**

(b) کچھ ملکوں میں انسانی ترقی کی میانہ سطح (میڈیم لیول) کیوں ہے؟ بیان کیجیے۔ 3

**.23** "اسمارٹ سٹی مشن" کے اہم مقاصد بیان کیجیے۔ 3

# حصّہ-D

سوال نمبر 24 تا 28 لمبے جواب والے سوالات ہیں۔

**24.** ''سڑکیں کسی بھی ملک کی تجارت، کامرس اور سیاحت کو فروغ دینے میں اہم رول نبھاتی ہیں'' اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 5

**25.** ''ہندوستان میں خاص طور سے میٹروپولیٹن شہروں میں شہری کچرے کو ٹھکانے لگانا ایک سنگین مسئلہ ہے'' مثالوں کے ساتھ اس قول کی تائید کیجیے۔ 5

**26.** (a) ''جدید دور میں خوراک جمع کرنے کا کام تجارتی بن گیا ہے۔'' اس قول کی جانچ کیجیے۔ 5

**یا**

(b) ''خانہ بدوش چراگاہی ابتدائی گذر بسر کی سرگرمی ہے۔'' اس بیان کی جانچ کیجیے۔ 5

**27.** ''انسان ٹکنالوجی کی مدد سے اپنے طبعی ماحولیات کے ساتھ باہمی عمل (Interact) کرتا ہے'' اس قول کی تائید کیجیے۔ 5

**28.** (a) ہندوستانی زراعت کا متلون مزاج مانسون پر انحصار ہونے کا زراعت کے مسئلے کی شکل میں جائزہ لیجیے۔ 5

**یا**

(b) ہندوستانی زراعت کے مسئلے کی شکل میں 'قلت روزگار' (Vast Underemployment) کا جائزہ لیجیے۔ 5

## حصّہ-E

سوال نمبر 29 اور 30 نقشے والے سوالات ہیں۔

**29.** دنیا کے دیے گئے سیاسی خاکے (صفحہ **17**) پر سات جغرافیائی خصوصیات F, E, D, C, B, A اور G دکھائے گئے ہیں۔ان میں سے کسی **پانچ** کو نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے انھیں پہچانیے۔ان کے نزدیک کھینچی گئی لائینوں پر ان کے صحیح نام درج کیجیے۔ *5×1=5*

A. خانہ بدوش چراگاہی کا ایک اہم علاقہ

B. ایک اہم بندرگاہ

C. ایک اہم ہوائی اڈّا

D. ٹرانس۔سائبیرین ریلوے کا مشرقی سرے کا ٹرمینل اسٹیشن

E. یوروپ کا سب سے بڑا ملک

F. ایک جہاز رانی والی نہر

G. ایک تجارتی گلہ بانی (تجارتی مویشی پالن) کا علاقہ

**نوٹ :** درج ذیل سوالات صرف **نابینا امیدواروں** کے لیے سوال نمبر 29 کے بدلے۔

درج ذیل میں سے کسی **پانچ** سوالوں کے جواب لکھیے : *5×1=5*

(29.1) براعظم افریقہ کے جنوب کے کسی ایک خانہ بدوش چراگاہی کے علاقے کا نام لکھیے۔

(29.2) جنوبی امریکہ کے مغربی ساحل پر واقع کسی ایک اہم بندرگاہ کا نام لکھیے۔

(29.3) گریٹ برٹن کے کسی ایک اہم ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

(29.4) ٹرانس۔سائبیرین ریلوے راستے کے سب سے مغربی سرے کے ٹرمینل اسٹیشن کا نام لکھیے۔

(29.5) براعظم شمالی امریکہ کے سب سے بڑے ملک کا نام لکھیے۔

(29.6) بحر اٹلانٹک کو بحر الکاہل سے جوڑنے والی نہر کا نام لکھیے۔

(29.7) براعظم جنوبی امریکہ کے کسی ایک تجارتی مویشی پالن کے علاقہ کا نام لکھیے۔

**30.** دیئے گئے **ہندوستان** کے نقشے کے سیاسی خاکے (صفحہ **19**) میں درج ذیل میں سے سات جغرافیائی خصوصیات میں سے کنھی **پانچ** کو مناسب نشانات سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے۔ *5×1=5*

(30.1) سب سے زیادہ آبادی کی کثافت والی ریاست

(30.2) کرناٹک میں واقع 10 ملین سے زیادہ آبادی والا شہر

(30.3) گنّے (Sugarcane) کی سب سے بڑی پیداوار کرنے والا صوبہ

(30.4) ہزاری باغ ۔تانبے کی کانیں

(30.5) نیویلی۔کوئلہ کی کانیں

(30.6) اوڈیشہ میں واقع بندرگاہ

(30.7) آسام میں واقع بین الاقوامی ہوائی اڈا

**نوٹ** : درج ذیل سوالات صرف **نابینا امیدواروں** کے لیے سوال نمبر 30 کے بدلے۔

درج ذیل میں سے کنھی **پانچ** سوالوں کے جواب لکھیے : $5\times 1=5$

(30.1) سب سے زیادہ آبادی کی کثافت والی ریاست کا نام لکھیے۔

(30.2) کرناٹک میں واقع میگا شہر کا نام لکھیے۔

(30.3) گنّے کی سب سے بڑی پیداوار کرنے والی ریاست کا نام لکھیے۔


(30.4) ہزاری باغ۔تانبے کی کانیں کس ریاست میں ہیں؟

(30.5) نیویلی کوئلہ کی کانیں کس ریاست میں ہیں؟

(30.6) اوڈیشہ میں واقع اہم بندرگاہ کا نام لکھیے۔

(30.7) آسام میں واقع بین الاقوامی ہوائی اڈا کہاں واقع ہے؟

سوال نمبر 29 کے لیے



سوال نمبر **30** کے لیے

